# 02-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ملک بھر میں آج بابا قوم مہاتما گاندھی اور سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کے یوم پیدائش منائے جارہے ہیں۔

۲۔ بدی پر نیکی کی فتح کا تہوار وجئے دشمی آج تلنگانہ میں روایتی جوش وخروش اور عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

۳۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج ناگر کرنول ضلع کے ونگور منڈل میں اپنے آبائی گاؤں کونڈا ریڈی پلی میں وجئے دشمی تقاریب میں شرکت کی۔

اور

۴۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے سوچھتا ہی سیوا 2025ء مہم اختتام کو پہنچی۔

## GANDHI JAYANTHI

ملک بھر میں آج بابا قوم مہاتما گاندھی اور سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کے یوم پیدائش منائے جارہے ہیں۔ تلنگانہ میں بھی آج گاندھی جینتی اور لال بہادر شاستری جینتی کے موقع پر مختلف پروگرام منعقد کئے گئے۔ عوام نے اس موقع پر دونوں شخصیتوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور قوم کیلئے ان کی خدمات کو یاد کیا۔ گورنر جشنو دیو ورما اور چیف منسٹر ریونت ریڈی نے گاندھی جینتی کے موقع پر بابائے قوم کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے لنگر حوض میں باپو گھاٹ پر پھول چڑھائے اور وہاں منعقدہ کل مذہبی دعائیہ اجتماع میں شرکت کی۔ ان کے ہمراہ اسپیکر گڈم پرساد کمار، قانون ساز کونسل کے صدر نشین جی سکھیندر ریڈی، پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ اور دوسرے موجود تھے۔

ALIA BALAI

بیسواں سالانہ الائی بلائی پروگرام کل حیدرآباد کے نمائش میدان پر منعقد ہوگا۔ ہریانہ کے سابق گورنر بنڈارو دتاتریہ نے بتایا کہ ان تقاریب کا انعقاد 2005ء میں شروع ہوا تھا۔ دسہرہ کے ایک دن بعد یہ پروگرام منعقدہ کیا جاتا ہے۔ اس پروگرام میں کئی اہم شخصیتوں کی شرکت متوقع ہے۔ منتظمین نے بتایا کہ ریاست کے تمام اضلاع سے 600 سے زائد فنکار اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اس موقع پر آدی واسی اور گریجن طبقات کے روایتی فنون کا مظاہرہ ہوگا۔ بتکماں، بونالو، پوتاراجولو اور سردار فیسٹول جیسے ثقافتی پروگرام بھی پیش کئے جائیں گے۔

SHIKHA GOEL

آئی پی ایس عہدیدار شیکھا گوئل نے آج تلنگانہ ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ ڈپارٹمنٹ کی ڈائرکٹر جنرل کی حیثیت سے چارج لے لیا۔ ایکس پر اپنے پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وہ سائبر سیکورٹی بیورو کی ڈائرکٹر کی حیثیت سے اپنے فرائض کی انجام دہی جاری رکھیں گی۔.

RAM REDDY DAMODHAR REDDY

سابق وزیر رام ریڈی دامودھر ریڈی اب نہیں رہے۔ انہوں نے کل شام آخری سانس لی۔ کئی سیاسی قائدین نے ان کی موت پر رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزیر دامودھر راج نرسمہا، قانون ساز کونسل کے صدر نشین جی سکھیندر ریڈی اور دیگر قائدین نے تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کانگریس کے قائد رکن اسمبلی اور وزیر کی حیثیت سے دامودھر ریڈی کی خدمات کو یاد کیا۔ انہوں نے دامودھر ریڈی کے ارکانِ خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔ منوگوڑ کے ایم ایل اے کومٹ ریڈی راج گوپال ریڈی نے بھی سینئر کانگریس لیڈر اور کانگریس وزیر کی موت پر اپنے دکھ کا اظہار کیا ہے۔

## VIJAYA DASAMI

بدی پر نیکی کی فتح کا تہوار وجئے دشمی آج تلنگانہ میں روایتی جوش وخروش اور عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ گورنر جشنو دیو ورما نے عوام کو اِس موقع پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ نوراتری کا تہوار ہمارے اندر خوشی اور مسرت کا جذبہ بھر دیتا ہے۔ انہوں نے اپنے پیام میں کہا کہ اس تہوار کا اصل موضوع برائی پر نیکی کی فتح ہے جو ہمیشہ افادیت رکھتا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے تلنگانہ کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ دسہرہ کا تہوار تلنگانہ کی منفرت ثقافتی زندگی میں اہم مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تہوار کے دوران دشمی پوجا، الائی بلائی، بزرگوں کی دعائیں لینا وغیرہ نیک شوگن مانے جاتے ہیں۔

## SWACHTA HI SEVA - 2025 COMPAIGN

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے سوچھتا ہی سیوا 2025ء مہم اختتام کو پہنچی۔ یہ پروگرام 17 ستمبر کو شروع ہوا تھا اور آج گاندھی جینتی کے موقع پر اس کا اختتام عمل میں آیا۔ اس موقع پر ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سری ویاستو نے کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن پر منعقدہ ایک پروگرام میں عہدیداروں کو صفائی کا حلف دلایا۔ انہوں نے ایڈیشن جنرل منیجر ستیہ پرکاش اور ڈی آر ایم سنتوش کمار ورما کے ساتھ مل کر شرمدان سرگرمی میں حصہ لیا اور ریلوے اسٹیشن کی صفائی کی۔ اس موقع پر صفائی متروکو تہنیت پیش کی گئی اور بہترین کارکردگی دکھانے والوں کو انعامات دئے گئے۔ ریلوے کے ملازمین نے صفائی پر ایک ڈرامہ پیش کیا جس نے سب کو متاثر کیا۔ اس موقع پر جنرل منیجر سریواستو نے کہا کہ صفائی ایک دن کا پروگرام نہیں بلکہ روزانہ کرنے کا کام ہے انہوں نے ریلوے ملازمین اور عوام پر زور دیا کہ وہ سوچھ بھارت مشن میں سرگرمی سے حصہ لیں۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے حصہ لیا کہ سوچھتا پکواڑہ 2 اکتوبر سے 15 اکتوبر تک منعقد ہوگا۔

Add Gandhi Jayanthi:

ریاست کے تمام اضلاع میں گاندھی جینتی منائی گئی۔میدک میں منعقدہ ایک پروگرام میں میدک ضلع کلکٹر راہول راج نے کہا کہ مہاتما گاندھی کی زندگی سب کیلئے ایک مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنا ان کے لئے حقیقی خراجِ عقیدت ہے۔میدک میں رامداس چوراستہ پر کلکٹر نے ایڈیشنل کلکٹر ناگیش، میونسپل کمشنر سرینواس ریڈی اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ مل کر مہاتما گاندھی کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔ نرمل میں بھی گاندھی جینتی تقاریب کا اہتمام عمل میں آیا۔اس موقع پر ضلع کے ایڈیشنل اڈمنسٹریٹیو آفیسر فیضان احمد نے کہا کہ ہر شخص کو مہا گاندھی کی زندگی سے سبق لینا چاہئے۔جوگولامبا گدوال ضلع میں مہا گاندھی اور لال بہادر شاستری کے یوم پیدائش کے موقع پر پروگرام منعقد کئے گئے۔بی جے پی کے ضلعی صدر رام انجنیلو اور دیگر پارٹی قائدین نے گدوال ٹاؤن میں مہاتما گاندھی اور لال بہادر شاستری کے مجسمہ پر پھول چڑھائے۔اس پروگرام میں بی جے پی کے ضلعی جنرل سکریٹری شام راؤ،او بی سی مورچہ کے نائب صدر ڈی نرسمہا اور دوسروں نے شرکت کی۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج ناگر کرنول ضلع کے ونگور منڈل میں اپنے آبائی گاؤں کونڈا ریڈی پلی میں وجئے دشمنی تقاریب میں شرکت کی۔چیف منسٹر آج دوپہر حیدرآباد سے بذریعہ ہیلی کاپٹر کونڈا ریڈی پلی پہنچے۔گاؤں کے عوام نے ان کا شاندار استقبال کیا۔وہ شام کو شمی پوجا اور دسہرہ تقاریب میں شرکت کریں گے۔رات کو وہ کونڈا ریڈی پلی سے کوڑنگل پہنچیں گے۔

DIED

نلگنڈہ ضلع میں آج ایک ندی میں دو افراد غرق ہو گئے جبکہ ایک شخص لا پتہ بتایا جاتا ہے۔ یہ واقعہ چندم پیٹ منڈل کے دیوراچرلہ گاؤں کے قریب ڈینڈی واگو میں پیش آیا۔ آندھراپردیش کے ٹیٹالی سے تعلق رکھنے والے یہ افراد تہوار کے موقع پر اپنے رشتہ داروں سے ملنے آئے تھے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب یہ تینوں ندی میں نہا رہے تھے۔ ان میں ایک دس سالہ لڑکا بھی شامل ہے۔ یہ لڑکا جب ڈوبنے لگا تو دیگر دو نوجوانوں نے اسے بچانے کی کوشش کی اور اسی کوشش میں وہ بھی غرق ہو گئے۔ مہلوکین میں ایک ایم بی بی ایس کا طالب علم رامو بھی شامل ہے۔

○○